# Q

**اثاثے کی کوالٹی۔** کسی اثاثے کی کوالٹی اس کی بازاری مالیت برقرار رہنے پر منحصر ہے، اور اس کے حاصل یا آمدنی پر بھی، جو کہ دوسرے اثاثوں کے متناسب بہتر ہوں۔ اس کے علاوہ اس اثاثے کی بطور کفالہ مقبولیت، سیالیت، اور اس کے فروخت میں سہولت، یہ سبھی عمدگی کے عناصر ہیں۔

**کوالٹی کنٹرول۔** کاروباری اور ساختمانی اداروں کی جانب سے اختیار کئے جانے والے وہ طریقے اور قاعدے جن سے ان کے تیار کردہ مال کو یا گاہکوں کو پہچانے والی خدمت کو مقررہ معیار کا پابند ٹھہرایا جائے۔

**کیفیاتی تعین۔** کسی کاروباری ادارے کی عوالیت یا تعین جو اس کاروبار کی خصوصیات اور کیفی پہلوؤں پر منحصر ہو۔ مثلاً مناظمت کی کوالٹی، آجرانہ اور تزویراتی خاکہ، خطرات اور حاصلات کا وہ امتزاج جو کہ نگرانی اور چاق و چوبندی پر مبنی ہو، اور کاروباری رجحانات کے تجزئے اور ان کی تشریح پر مبنی ہو۔ علاوہ ازیں عملے کی کوالٹی، اس کے مہارتی علم، تربیت اور تجربے، تحقیق اور ترقی کی صلاحیت، تیزی سے بدلتے ہوئے حالات سے ہم آہنگی یا عہدہ برآ ہونے کی صلاحیت پر بھی منحصر ہو۔

**اثاثوں کی مقداری درجیت۔** اثاثوں کی مقداری خصوصیات اور رجحانات مثلاً سائز، تناسب، حصص کے تناسبات، شرح نمو، منافعے وحاصلات سرمائیت، قرضے اور قرضوں کی بنیاد پر درجہ بندی۔

**مقداری طریقے۔** تجربے اور طریق کار کے شماریاتی طریقے جو کاروباری عمل اور کاروباری پیش گوئی میں استعمال کئے جاتے ہیں۔ مثلاً linear programing کی تکنیک جو پیداوار اور متعلقہ طریقوں کے مقداری تجزیئے میں استعمال کی جاتی ہے۔

**مقداری پابندیاں۔** بین الاقوامی تجارت میں یہ مقداری پابندیاں جنھیں کیو آر ایس بھی کہا جاتا ہے ، عام طور سے بین الاقوامی تجارت کی لاگت میں اضافہ کرتی ہیں ، یا غیر ملکی منڈی تک برآمدگران کی رسائی پر پابندی لگاتی ہیں۔ یہ مقداروں میں متعین کردہ غیر ملکی تجارت پر رکاوٹوں یا پابندیوں پر مشتمل ہوتی ہیں۔ مثلاً بعض تزویراتی اشیا کی درآمد یا برآمد پر قطعی طور سے پابندی۔ یا کسی خاص جگہ یا خاص قسم کے برآمدگران سے درآمدات پر کوٹے کی پابندی۔ یا مختلف انضباطی اداروں مثلاً صحت کے اداروں ، خوراک اور دواؤں کے اداروں کی جانب سے غیر ملکی غذائی اشیا کی درآمد پر صحت کے اسباب کی بنا پر اس وقت تک پابندی جب تک کہ وہ پروسیائی اور سڑنے گلنے سے بچاؤ کے سخت معیارات کی تکمیل نہ کریں۔ یا ساختمانی کے سلسلہ پر مبنی پابندیاں ، مثلاً ٹیکسٹائل ، ملبوسات ، آٹوموبائلز ، مشینری اور فرنیچر جیسی متعدد اشیا کی اسمبل شدہ درآمدات کے مقابلے میں غیر اسمبل شدہ یا الگ الگ درآمدات پر پابندیاں ، مقداری پابندیوں میں شامل ہیں۔

**نظریہ مقدار زر۔** یہ نظریہ زر کی رسد کی مجموعی مقدار اور معیشت میں پیدا ہونے والی ان اشیاء اور خدمات یعنی Q ، کی مجموعی مالیت کے درمیان تعلق کی صراحت کرتا ہے۔ یہ تعلق قیمتوں کی سطح یعنی P اور گردش زر کی رفتار یعنی V پر منحصر ہے۔

- اسے تبادلے کی ایک مساوات کی شکل میں $MV=PQ$ لکھا جاتا ہے ، جس کی رو سے عرفی آمدنی Y کو زر کی مجموعی مقدار M سے منسلک کیا جاتا ہے۔
- یا زر کی طلب کے نظریہ مقدار کی شکل میں بھی یوں لکھا جاسکتا ہے۔ جیسے $MV=Y$ چونکہ $PQ=Y$ ہے ، اس لئے $M=(1/V)\ Y$ یا پھر $M=k\ Y$ ، جہاں $k$ اس رفتار کا پیمانہ ہے جو کہ زر کی رفتار کے برعکس ہے۔

**نیم بینکاری ادارے۔** وہ مالیاتی ادارے جو بینکوں کی طرح سے کاروبار کرتے ہیں ، لیکن باضابطہ طور پر بینکاری قانون کے تحت نہ تو منظّم کئے جاتے ہیں اور نہ ہی منشوری طور پر لائسنس یافتہ ہوتے ہیں۔ یہ نیم بینکاری ادارے مرکزی بینک کو حسب معمول رپورٹ نہیں کرتے اور مرکزی بینک کی باضابطہ نگرانی اور ضوابطی کنٹرول کے باہر ہوتے ہیں۔ لیکن یہ ادارے مالیاتی وساطت کی سرگرمیوں میں مشغول رہتے ہیں جیسے کہ امانتیں اکٹھی کرنا ، قرضگاریاں اور مالیانی ، بالکل اسی طرح جیسے کہ منشورہ بینک کرتے ہیں۔ ان اداروں میں مندرجہ ذیل شامل ہیں۔

- **مالیاتی کمپنیاں۔**
- **بچتوں اور قرضوں کی انجمنیں۔**
- **قرداری کی امداد باہمی کی انجمنیں** ، جن میں بینک اور امداد باہمی کی سوسائٹیاں شامل ہیں۔
- **خصوصی مالیاتی ادارے۔** (اندراجات دیکھئے)

**نیم خسارہ۔** سرکاری شعبے کے خسارے جو کہ سرکاری ملکیت کی تاجرات یا سرکاری اداروں کی مالی کاروائیوں سے ابھریں ، یا نیم سرکاری اداروں کے عمالات سے پیدا ہوں۔ ان خساروں کی مالیانی کا بوجھ لامحالہ حکومت کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔

**نیم سرکاری ادارے۔** وہ کمپنیاں یا ادارے جو جزوی طور پر حکومت کی ملکیت میں ہوں اور جن کے مالیاتی عمالات مؤثر طور پر حکومت کی جانب سے ضمانت شدہ ہوں، یا ان کی ذمہ داریاں حکومت پر ہوں، گرچہ یہ ادارے یا ایجنسیاں علیحدہ سے منظّم یا منشورہ کئے گئے ہوں۔

**سریع تناسب۔** سیالت کا یہ ایک کلیدی تناسب ہے۔ یہ کسی کمپنی کے بہ آسانی قابل تبدل جاری اثاثے اور اس کمپنی کے مجموعی مالیہ واجبات کے مابین تناسب ہے۔ علاوہ ازیں یہ کسی کمپنی کی مختصر ادائیگی کی اہلیت کا پیمانہ ہے۔ اسے Acid Test Ratio یعنی آزمائشی تناسب بھی کہتے ہیں۔

**نرخی حصص۔** کسی پبلک لمیٹڈ کمپنی کا وہ حصہ جو اسٹاک ایکس چینج میں مندرج ہو اور جس کے حصے کی قیمت اسٹاک ایکس چینج کی جانب سے شائع ہوتی ہے۔

**نرخ۔** کسی شے کا نرخ، یا اسٹاک ایکس چینج ، وسطیاروں یا مارکیٹ کے اداروں کی جانب سے حصص اور اسٹاکس کی اعلانیہ قیمت۔